یکم جنوری2019ء

اسٹیٹ بینک نے بر آمد کنند گان کے لیے پیشگی ادائیگی کی سہولت بحال کر دی

بینک دولتِ پاکستان نے مجاز ڈیلروں کو خام مال، معاونتی اشیا اور پرزے درآمد کرنے کی غرض سے درآمد و بر آمد کنند گان کی طرف سے 10000 ڈالر فی انوائس پیشگی ادائیگی کے لین دین کی اجازت دے دی ہے۔

قبل ازیں جولائی 2018ء میں اسٹیٹ بینک نے پیشگی ادائیگی کی سہولت پر پابندی عائد کر دی تھی، جو درآمد کنند گان کو پہلے مجاز ڈیلروں کے ذریعے دستیاب تھی۔ تاہم ایوانِ صنعت و تجارت، تجارتی ایسوسی ایشنز اور وزارتِ تجارت کی مداخلت پر پابندی کو اس حد تک نرم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے کہ وہ بر آمد کنند گان جنہیں اپنی بر آمدات کے لیے خام مال اور معاونتی اشیا درکار ہوتی ہیں، انہیں یہ سہولت مل سکے۔ اس اقدام سے بر آمدی ماحول میں بہتری کی توقع ہے

******